Memorial Sloan Kettering Cancer Center

مریض اور نگراں کے لیے تعلیم

# گالوں کے سویبز استعمال کرتے ہوئے HLA نمونے وصول کرنے اور واپس کرنے کے لیے ہدایات

یہ معلومات وضاحت کرتی ہیں کہ انسانی لیوکوسائٹ اینٹیجن (HLA) کے نمونے کیسے لیے اور واپس کیے جائیں۔

MSK ہر ڈونر کے لیے 1 HLA ٹیسٹنگ کٹ دیتا ہے۔ اگر آپ اپنے HLA نمونے بھیج رہے ہیں، تو آپ ڈونر ہیں۔ اگر آپ کسی اور کو اس کے نمونے بھیجنے میں مدد دے رہے ہیں، تو وہ ڈونر ہے۔

ہر کٹ میں یہ چیزیں ہوں گی:

- جراثیم سے پاک کاٹن سویبس کے 2 پیکٹ۔ ہر پیکٹ میں 2 سویبس ہوتے ہیں۔ تمام کے تمام 4 سویبس استعمال کریں۔
- پلاسٹک کی بنی جراثیم سے پاک 1 شپنگ ٹیوب۔
- ڈونر کے قانونی نام اور تاریخِ پیدائش کا حامل 1 پیشگی طبع شدہ لیبل۔
- نمونہ لینے کی تاریخ اور وقت لکھنے کے لیے خالی جگہوں کے ساتھ 1 لیبل۔
- 1 پری پیڈ، پیڈڈ UPS واپس کیا جانے والا لفافہ۔

آپ کا UPS واپس کیے جانے والے لفافے پر یہ پتہ پہلے سے درج ہوگا:


**Center for Laboratory Medicine**
**Attn: Assistant Manager – Specimen Logistics 1st Floor**
**327 East 64th Street**
**New York, NY 10065**

## HLA نمونے کیسے حاصل کیے جائیں

HLA نمونے لینے سے تقریباً 1 سے 2 گھنٹے پہلے آپ کچھ نہ کھائیں یا پیئیں۔

1. 2 کاٹن سویبس کی مدد سے، گال کے اندر کے حصے کو 10 مرتبہ مَلیں۔ آپ ایک ساتھ 2 سویبس استعمال کرسکتے ہیں یا پھر انہیں ایک ایک کرکے بھی استعمال کرسکتے ہیں۔
2. بقیہ 2 کاٹن سویبس کی مدد سے، اپنے دوسرے گال کا اندرونی حصہ تقریباً 10 مرتبہ مَلیں۔
3. سویبس کو خشک ہونے کے لیے ٹیوب پر رکھ دیں (شکل 1 دیکھیں)۔ انہیں کم از کم 2 سے 3 گھنٹے ہوا میں خشک ہونے دیں۔

اگر ٹیوب میں رکھنے سے پہلے سویبس مکمل طور پر خشک نہ ہوئے ہوں، تو ان میں پھپھوند پیدا ہوسکتی ہے۔ اگر ایسا ہو جائے، تو ہم انہیں ٹیسٹنگ کے لیے استعمال نہیں کر سکتے۔




شکل 1۔ ٹیسٹ ٹیوب پر سویبس خشک ہو رہی ہیں

# HLA نمونے کیسے واپس کیے جائیں

1. تمام 4 سویبس کو ٹیوب میں رکھیں۔ ٹیوب بند کریں۔
2. پہلے سے طبع شدہ لیبل چیک کرکے (شکل 2 دیکھیں) یہ یقین کرلیں کہ ڈونر کا نام اور تاریخِ پیدائش درست ہیں۔


اگر کوئی غلطی ہو، تو اسے کراس لگا دیں۔ لیبل پر درست معلومات لکھیں۔ واضح طور پر لکھیں۔




&nbspشکل 2۔ نام اور تاریخِ پیدائش کا حامل 1 پیشگی طبع شدہ لیبل

3. **براہِ راست دوسرے لیبل پر نمونہ لینے کی تاریخ اور وقت درج کریں** (شکل 3 دیکھیں)۔ واضح طور پر طبع کریں۔

**اگر آپ نمونہ لینے کی تاریخ اور وقت نہیں لکھیں گے، تو آپ کے نمونے پر عمل درآمد میں زیادہ عرصہ لگے گا۔**




تصویر 3۔ نام اور وقت کا حامل 1 پیشگی طبع شدہ لیبل

4. **دونوں لیبلز ٹیوب پر لگائیں۔** یہ خیال رکھیں کہ دونوں لیبل ایک دوسرے کے اوپر نہ چڑھیں۔

**اگر آپ دونوں لیبلز ٹیوب پر نہیں لگائیں گے، تو ہم آپ کے نمونے پر عمل درآمد نہیں کر سکتے۔** آپ کو نئی لینی اور بھیجنی پڑے گی۔

5. لیبل لگی ہوئی ٹیوب واپس کیے جانے والے لفافے میں ڈالیں۔ لفافہ چپکا کر بند کریں۔

6. واپسی کے لفافے کو لے کر UPS کی ترسیلی لوکیشن پر آ جائیں۔ اپنی قریب ترین لوکیشن تلاش کرنے کے لیے www.ups.com/dropoff وزٹ کریں۔

واپسی کے لفافے پر ایک ٹریکنگ نمبر ہوگا جوکہ شپنگ کے لیبل پر درج ہوگا۔ MSK اسے آپ کے پیکیج کو ٹریک کرنے کے لیے استعمال کرے گا۔ اگر آپ خود بھی لفافے کو ٹریک کرنا چاہیں، تو لفافہ UPS کو دینے سے پہلے ٹریکنگ نمبر نوٹ کر لیں۔

# اضافی معلومات

- لفافے میں 1 سے زیادہ سیاہ ڈھکن والی ٹیوب نہ ڈالیں۔ اگر 1 سے زائد ڈونرز نمونے بھیج رہے ہوں، تو ان میں سے ہر ایک کو ذاتی HLA ٹیسٹ کٹ ملے گی۔ ہر ڈونر کو لازماً اپنی ذاتی کٹ میں شامل واپسی کا لفافہ استعمال کرتے ہوئے ہی اپنا

نمونہ واپس بھیجنا ہوگا۔

- تمام نمونے MSK کو ہی موصول ہونا اور اسی کی جانب سے ان پر عمل درآمد کیا جانا لازمی ہے۔

# HLA گالوں کے سویبز کے نمونے وصول کرنے اور واپس کرنے کی چیک لسٹ

## HLA نمونوں کا حصول

- میں نے نمونے لینے کے لیے کھانے یا پینے کے بعد 1 سے 2 گھنٹے انتظار کیا۔
- میں نے ہر گال پر 2 عدد سویبز استعمال کئے (دونوں گالوں کے لیے کُل 4)۔
- ان سویبز کو میں نے کم از کم 2 تا 3 گھنٹے ہوا میں خشک ہونے دیا۔

## HLA نمونوں کی واپسی

- میں نے ہوا میں خشک کردہ تمام 4 سویبز کو ٹیوب میں رکھ دیا۔
- میں نے احتیاط کے ساتھ ٹیوب کا ڈھکن مضبوطی سے لگا دیا۔
- میرا نام اور تاریخ پیدائش پہلے سے پرنٹ شدہ لیبل پر درست ہے۔ اگر یہ درست نہیں ہیں۔ تو میں نے انہیں کراس کر دیا اور درست معلومات لکھ دیں۔
- میں نے لیبل پر دی گئی خالی جگہوں پر تاریخ اور وقت لکھ دیا۔
- میں نے دونوں لیبلز کو ٹیوب پر لگا دیا۔
- میں نے ٹیوب کو پری پیڈ ریٹرن لفافے میں ڈال دیا۔
- میں نے لفافہ کو UPS کے ڈراپ آف مقام پر پہنچا دیا۔

تفصیلی ہدایات کے لیے، پڑھیں *HLA*

گالوں کے سویبز استعمال کرتے ہوئے نمونے وصول کرنے اور واپس کرنے کے لیے ہدایات (www.mskcc.org/ur/cancer-care/patient-education/instructions-collecting-shipping-hla-samples)

آپ کی کیئر ٹیم آپ کو بتائے گی کہ، اگر آپ کا HLA ٹیسٹ کٹ خراب ہوگئی، اس میں کوئی جز کم پایا گیا، یا آپ کو کوئی وضاحت درکار ہوئی، توآپ نے کس سے رابطہ کرنا ہے۔

مزید وسائل کے لیے، www.mskcc.org/pe پر جا کر ہماری ورچوئل لائبریری تلاش کریں۔

---

Instructions for Collecting and Returning HLA Samples Using Cheek Swabs - Last updated on January 30, 2025
تمام حقوق Memorial Sloan Kettering Cancer Center کے زیرِ ملکیت اور محفوظ ہیں

**آخری اپ ڈیٹ شدہ**

جنوری 30, 2025

.Learn about our Health Information Policy